بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ پاکستان

حزب التحریر
HIZB UT TAHRIR

جمعرات، 24 ربیع الاول، 1441ھ | 21/11/2019 | نمبر 1441/24

پریس ریلیز

کیا ملحد چینی حکمرانوں نے قرضوں کے عوض باجوہ۔عمران حکومت کا ایمان بھی خرید لیا ہے کہ انھوں نے مسلمانوں پر بدترین مظالم کے باوجود منہ میں گھنگنیاں ڈال رکھی ہیں؟

تقریباً چار سو صفحات پر مبنی چینی حکومتی دستاویزات لیک ہونے سے پہلے سے موجود شواہد کی مزید تصدیق ہو گئی ہے کہ 2014 کے بعد چین میں مسلمانوں کو جیلوں میں بند کر کے انھیں اسلام چھوڑنے پر مجبور کرنے کیلئے بدترین تشدد کے پیچھے چینی صدر زی جن پنگ کی براہ راست ہدایات ہیں اور یہ ملحد چینی حکومت کی سرکاری پالیسی کے تحت ہو رہا ہے۔اور بعض رپورٹوں کے مطابق ان قید شدہ افراد کی تعداد دس لاکھ سے لے کر تیس لاکھ تک پہنچتی ہے۔صورتحال کی شدت کا اندازہ اس سے لگایا جا سکتا ہے کہ چینی سرکاری عہدیدار ان قید شدہ افراد کے گھروں میں جا کر چادر اور چاردیواری کی حرمت کو پامال کرتے ہیں۔لوگوں کی داڑھیاں منڈوانا، خواتین کے باپردہ کپڑے کتروانا، روزے کی اجازت نہ دینا اور مسجدوں کے اماموں کو نچوانے جیسے معاملات تو کافی عرصے سے جاری و ساری ہیں۔لیکن ایسا لگتا ہے کہ ملحد چینی قیادت نے قرضوں کے عوض باجوہ-عمران حکومت کا ایمان بھی خرید لیا ہے کیونکہ جب ان حکمرانوں سے چینی مظالم پر سوال کیا جائے تو یہ منہ میں گھنگنیاں ڈال کر شتر مرغ کی طرح ریت میں سر دبا کر بیٹھ جاتے ہیں، یا ڈھٹائی سے کہتے ہیں کہ ہم اس پر کوئی بیان نہیں دیں گے!

یقیناً ریاستِ خلافت کے بغیر مسلمان یتیم ہو چکے ہیں۔جس طرح فلسطین، برما، چیچنیا کا کوئی پرسان حال نہیں، یہی حال چین کے قبضہ کئے ہوئے مقبوضہ مشرقی ترکستان کے ایغور مسلمانوں کا ہے۔یہی چین کشمیر کے ایک حصے پر بھی قابض ہے۔جب تک اسلامی ریاست موجود تھی، تو خواہ وہ بنو قینقاع کے پوری یہودی قبیلے کو ایک مسلمان خاتون کے حجاب کھینچنے پر جلا وطن کرنا ہو، ایک عورت کی پکار پر محمد بن قاسم کا لشکر پہنچنا ہو، یا عباسی خلیفہ معتصم باللہ کا ایک مسلمان عورت کے "وامعتصما" کی آواز پر ہزاروں ابلق گھوڑوں کے لشکر کے ساتھ روم کی سرحد پر پہنچنا ہو، مسلمان کبھی بے آسرا اور لاچار نہیں رہے۔یہاں تک کہ جب رسول اللہ ﷺ نے قریشِ مکہ کے ساتھ حدیبیہ کا سیز فائر معاہدہ کیا تو اس میں بھی مکہ سے کسی کے مسلمان ہونے پر مدینہ ہجرت کی صورت میں انھیں واپس کرنے کی جو شرط لکھی، اس میں مسلمان خواتین کی واپسی شامل نہیں تھی، اور آپ ﷺ نے قریش کے اصرار کے باوجود مسلم خواتین کو واپس کرنے سے صاف انکار کر دیا تھا۔یہ حکمران امریکہ کے دلالی کے ساتھ اب ملحد چین کی دلالی پر بھی اتر آئے ہیں۔بے شک رسول اللہ ﷺ کی بات حق ہے، آپ ﷺ نے فرمایا:

"إِنَّمَا الإِمَامُ جُنَّةٌ يُقَاتَلُ مِنْ وَرَائِهِ وَيُتَّقَى بِهِ"

"بے شک تمہارا خلیفہ تمہاری ڈھال ہے جس کے پیچھے تم لڑتے ہو، اور اپنی حفاظت کرتے ہو۔" (صحیح مسلم)

ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس

ویب: www.hizb-pakistan.com | انسٹاگرام: https://instagram.com/HTmediaPAK01 | ای میل: HTmediaPAK@gmail.com
فیس بک: https://Facebook.com/HTmediaPAK01 | ٹویٹر: http://Twitter.com/HTmediaPAK
پوڈکاسٹ: https://anchor.fm/HTmediaPAK | واٹس ایپ نمبر: +967 713 645 449

حزب التحریر انٹرنیشنل ویب پیج
http://www.hizb-ut-tahrira.org:
حزب التحریر میڈیا آفس ویب پیج
http://www.hizb-ut-tahrir.info: